احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

بدھ 29 / اکتوبر 2008ء

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 29 / اکتوبر 2008ء 29 شوال 1429 ہجری 29 / اخاء 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 247

کیا ہی اچھا ہو

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ لوگ اپنے ڈیروں اور مضافات مدینہ سے باری باری جمعہ پڑھنے کیلئے مدینہ آتے تھے راستے میں گردوغبار پڑتی اور پسینہ کی بُو آتی۔ ان میں سے ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا جبکہ آپؐ میرے پاس تھے تو آپؐ نے فرمایا اچھا ہوا گر تم اس دن نہا دھوکر صاف ستھرے ہو جاؤ۔

(صحیح بخاری کتاب الجمعہ باب من این توتی الجمعہ حدیث نمبر:851)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ مرض (طاعون) پلیدی اور ناپاکی سے پیدا ہوتا ہے۔ جہاں اچھی طرح صفائی نہیں ہوتی اور مکان کی دیواریں بدنما اور قبروں کا نمونہ ہوتی ہیں۔ نہ روشنی کا انتظام ہوتا ہے' نہ تازہ ہوا آسکتی ہے۔ وہاں عفونت کا زہریلا مادہ پیدا ہو جاتا ہے' جس کے باعث یہ بیماری پیدا ہو جاتی ہے۔ قرآن کریم میں جو آیا ہے۔ (۔) کہ ہر ایک قسم کی پلیدی سے پرہیز کرو۔ ہجر دور چلے جانے کو کہتے ہیں۔ جس سے یہ معلوم ہوا کہ روحانی پاکیزگی چاہنے والوں کے لئے ظاہری پاکیزگی اور صفائی بھی ضروری ہے۔ کیونکہ ایک قوت کا اثر دوسری پر اور ایک پہلو کا اثر دوسرے پر ہوتا ہے۔

انسان کی دو حالتیں ہوتی ہیں۔ جو شخص باطنی طہارت پر قائم ہونا چاہتا ہے وہ ظاہری پاکیزگی کا بھی لحاظ رکھے۔ پھر ایک دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۔) (البقرہ:223) یعنی جو لوگ باطنی اور ظاہری پاکیزگی کے طالب ہیں۔ میں ان کو دوست رکھتا ہوں۔ ظاہری پاکیزگی باطنی طہارت کی ممد اور معاون ہے۔ اگر انسان اسے ترک کردے اور پاخانہ پھر کر بھی طہارت نہ کرے' تو باطنی پاکیزگی پاس بھی نہیں پھٹکتی۔ پس یاد رکھو کہ ظاہری پاکیزگی اندرونی طہارت کو مستلزم ہے۔ اس لئے لازم ہے کہ کم از کم جمعہ کے دن ضرور غسل کرے۔ ہر نماز میں وضو کرے۔ جماعت کھڑی ہو تو خوشبو لگائے۔ عیدین اور جمعہ میں جو خوشبو لگانے کا حکم ہے وہ اسی بنا پر قائم ہے۔ اصل وجہ یہ ہے کہ لوگوں کے اجتماع کے وقت عفونت کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس لئے غسل کرنے اور صاف کپڑے پہننے اور خوشبو لگانے سے سمیت (زہر) اور عفونت سے روک ہوگی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے زندگی میں یہ قانون مقرر کیا ہے۔ ویسا ہی قانون مرنے کے بعد بھی رکھا ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 164)

31 / اکتوبر کو خطبہ جمعہ شام 7 بجے نشر ہوگا

یورپ میں اوقات میں تبدیلی ہو رہی ہے۔ جس کی وجہ سے 31 / اکتوبر 2008ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ پاکستانی وقت کے مطابق شام 7 بجے نشر ہوگا۔ یہ وقت صرف 31 / اکتوبر کیلئے ہے۔ احباب نوٹ فرما لیں اور بھرپور استفادہ فرمائیں۔

(ناظر اشاعت)

بیوت الحمد منصوبہ میں مالی قربانی کا موقع

قرآنی تعلیمات کی رو سے بے سہارا افراد، بیواؤں اور غرباء کی ضروریات پوری کرنا خدا تعالیٰ کا پیار حاصل کرنے کا بہترین زینہ ہے۔ بیوت الحمد منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 106 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں۔ اسی طرح پونے چھ صد احباب کو ان کے اپنے اپنے گھروں میں حسب ضرورت جزوی توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور امداد کا یہ سلسلہ جاری ہے۔ احباب کرام کی خدمت میں درخواست ہے کہ ضرورت مندوں کا حلقہ وسیع ہونے کے باعث اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

ہر بچے کو خواہ تھرڈ ڈویژن میں پاس ہوتا ہے میٹرک پاس ہونا چاہئے۔

(حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

مشعل راہ

قیمتی چوغہ دے دیا

حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب تحریر کرتے ہیں۔

جن ایام میں گورداسپور میں مولوی کرم الدین کے مقدمات ہو رہے تھے۔ایک دفعہ دوران مقدمہ میں خواجہ کمال الدین صاحب نے حضرت بانی سلسلہ کو خط دکھایا۔ جو انہیں اپنے گھر پشاور سے آیا تھا اور اس میں خرچ کی تنگی کا ذکر تھا۔حضرت نے فوراً پانچ سو روپیہ نقدان کو دے دیا۔اور پھر ماہانہ ایک سو روپیہ ماہوار دیتے رہے۔اور خاص طور پر احباب نے حضرت کی تحریک پر بہت بڑی رقم اخراجات مقدمہ کے لئے بھیجی جو خواجہ صاحب کے پاس رہتی تھی۔حضرت نے کبھی حساب نہ مانگا۔اس قسم کے مالی سلوک اور عطاء کے علاوہ حضرت صاحبزادہ عبداللطیف صاحب حضرت مسیح موعود کے لئے ایک قیمتی کوٹ جو افغانی طرز کا تھا لائے۔خواجہ صاحب نے یہ کہہ کر مانگ لیا۔کہ حضور یہ کوٹ مجھے عنایت کر دیں۔کہ میں پہن کر عدالت میں داخل ہوا کروں۔اور اس کی برکت سے فریق مخالف کے وکیل اور عدالت پر میرا رعب ہو۔حضور نے ہنس کر یہ کامدار قیمتی چغہ خواجہ صاحب کو دے دیا۔

غرض آپ کی عطا ایک دریائے بیکراں تھی اور آپ کا ہاتھ ابر گوہر بار تھا۔ برستا تھا اور سیراب کر جاتا تھا۔مخفی در مخفی طریقوں سے حضور حاجت مندوں کو دیتے رہتے تھے۔اور قیمتی سے قیمتی چیز دوسروں کو دے دینے میں آپ کو کبھی تامل نہ ہوتا تھا۔یہ حالت آپ کی زندگی کے تمام حصوں میں پائی جاتی ہے۔بعثت اور ماموریت سے پہلے بھی یہ اپنی شان میں جلوہ گر ہے۔چنانچہ میں نے سوانح حیات میں غفارہ یکہ والے کے متعلق لکھا ہے۔کہ حضرت نے کس طرح پر اس کی شادی کی تقریب پر اس کی مدد بعض زیورات سے کی۔یہ اکیلی مثال نہیں۔ایسے بہت سے واقعات ہیں۔کوئی موقعہ ایسا آپ کو پیش نہیں آیا۔کہ آپ سے کسی نے کچھ مانگا ہو۔اور آپ نے نہ دیا ہو۔یا آپ نے کسی کی حاجت اور ضرورت کو محسوس کر کے بغیر اس کے سوال یا درخواست کے اس کی مدد نہ کی ہو۔آپ کریم ابن کریم ابن کریم تھے۔

(سیرۃ مسیح موعود ص 322)

یہ لہو جو بہہ گیا......

ہے لہو میں تر بہ تر میرا قلم میری فغاں
کس طرح تحریر ہو مظلومیت کی داستاں
سرخیِ شامِ الم ہے یا شہیدوں کا لہو
ہے شفق انگار صورت آتشِ غم میں تپاں
خون کی تاثیر ہے کہ رنگ لاتا ہے ضرور
بوند بھی ٹپکے کہیں پر چھوڑ جاتی ہے نشاں
صبر لازم ہے مگر یاں ضبط کا یارا نہیں
کون دے آ کر دلاسا ہم غریبوں کو یہاں
اپنی آہوں سے لپٹ کر رو ہی لیں گے چند روز
پھر وہی ہم پر مصائب پھر وہی جی کا زیاں
ہم اگر خاموش ہیں تو یہ ہمارا ظرف ہے
ورنہ قاتل کو سنبھلنے کی اجازت ہے کہاں
ظلم کی ہر شکل ہم پر ہے روا اس کے لئے
وہ سمجھتا ہے ہمیں کمزورؔ بے بسؔ ناتواں
ہم مگر یہ بات بھی سمجھائے دیتے ہیں اسے
ہم نہیں رکھتے حسابِ این و آں، سود و زیاں
ہم پلے ہیں مہدیٔ معہود کی آغوش میں
ہم غمِ حالات کو رکھتے ہیں سینوں میں نہاں
ہم اگر فریاد کرتے ہیں تو اس کے سامنے
ہم خدا کے ہیں وہی دلبر ہے اپنا رازداں
ہم خلافت کے علَم کو تھام کر نکلے ہیں آج
سرعتِ رفتار میں ہیں کارواں در کارواں
یہ لہو جو بہہ گیا، معصوم جانوں کا لہو
دے گیا میرے شہیدوں کو حیاتِ جاوداں

ڈاکٹر عبدالکریم خالد

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاءالاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم بشیر الدین کمال صاحب

فیوض و برکات خلافت

اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں کے ساتھ کتنا پیار ہے کہ وہ ان کی راہنمائی، تعلیم و تربیت نیز حکمت و معرفت کی باتیں سکھانے کے لئے اپنے انبیاء کو بھیجتا ہے۔ انسان ہونے کے ناطے سے انہیں اس دنیا سے آخر جانا ہی ہوتا ہے اور وہ اپنے مولا کے پاس چلے بھی جاتے ہیں۔ تو پھر ان کے مشن کی تکمیل کے لئے اللہ تعالیٰ ان کے بعد خلافت کے نظام کو قائم کرتا ہے اور خلیفہ بناتا ہے جو خدا اور اس کے رسول سے راہنمائی حاصل کرتے ہوئے بنی نوع انسان کی راہنمائی کرتا ہے اور خدا کے قریب کرتا ہے۔

نبی اور خلیفہ میں فرق

نبی اور خلیفہ میں فرق یہ ہے کہ نبی اس وقت آتا ہے جب اکثریت گمراہی میں مبتلا ہوتی ہے اور اصل راستہ سے بھٹکی ہوئی ہوتی ہے۔ جبکہ خلافت اس وقت قائم ہوتی ہے۔ جبکہ مومنوں کی جماعت اصل اور صحیح راستہ پر گامزن ہوتی ہے۔

خلافت کو بیرونی مخالفت کے ساتھ کئی دفعہ اندرونی مخالفت کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے جیسا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے دور میں ہوا۔ بعض لوگوں نے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے ہاتھ پر بیعت کی بلکہ سب سے پہلے تائید کرنے والے بھی یہی لوگ تھے لیکن کچھ عرصہ بعد انہی لوگوں نے آپ کی مخالفت شروع کر دی اور آپ کو معزول کرنے کی کوششیں شروع کر دیں لیکن آپ نے خدا تعالیٰ کی تائید و نصرت سے ان کی تمام کوششوں پر پانی پھیر دیا۔ آپ کے دور میں ہی ان لوگوں کو یہ غم کھائے جا رہا تھا کہ کہیں حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب خلیفہ نہ ہو جائیں۔ چونکہ اس وقت آپ کی عمر چھوٹی تھی اس لئے یہ لوگ آپ کو ''بچہ'' کہا کرتے تھے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ آپ کے بارہ میں حضرت مسیح موعود کی پیشگوئی کی موجودگی میں جو بطور مصلح موعود کے تھی آپ کی مخالفت کرتے رہے۔ اس وقت کی اگر آپ کی خدمات کا جائزہ لیا جائے تو میرے خیال میں اس ''بچہ'' کی خدمات جماعت کے لئے ان لوگوں سے کم نہ تھیں جو آپ کو ''بچہ'' سمجھتے تھے۔ مثلاً رسالہ تشحیذ الاذہان ''الفضل'' وغیرہ کا اجراء اور دیگر اشتہارات جو وقتاً فوقتاً چھپتے رہے۔ نیز الزامات کا جواب جو وقتاً فوقتاً آپ کی طرف سے دیا جاتا رہا۔ یہی وجہ تھی کہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول آپ کا ادب و احترام کرتے تھے اور آپ سمجھتے تھے کہ حضرت مسیح موعود کی پیشگوئی درباره مصلح موعود کے آپ ہی مصداق ہیں اور آئندہ اللہ تعالیٰ آپ کو ہی خلافت کے مقام پر کھڑا کرے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور یہی ''بچہ'' کامیاب و کامران ہوا اور ''بچہ'' کہنے والے ناکام ہوئے۔

آپ کے مبارک دور خلافت میں اندرونی طور پر بہت سے فتنے اٹھے۔ 1934ء میں احرار کا فتنہ پھر ایک اور فتنہ 1953ء میں اٹھا۔ جس پر حضور نے فرمایا کہ خدا میری مدد کے لئے دوڑا چلا آ رہا ہے اور آپ کے بعد پھر 1974ء اور 1984ء میں ابتلاء آئے مگر اللہ تعالیٰ نے جماعت کو اپنے فضل و کرم سے سکینت عطا فرمائی اور اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کا جلوہ اپنے خلفاء کی مدد کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود کے درج ذیل اشعار کے مطابق دکھایا اور آئندہ بھی دکھاتا رہے گا۔ انشاءاللہ

وہ اس کے ہو گئے ہیں اسی سے وہ جیتے ہیں
ہر دم اسی کے ہاتھ سے وہ جام پیتے ہیں
ان کو خدا نے غیروں سے بخشا ہے امتیاز
ان کے لئے نشاں کو دکھاتا ہے کارساز
جب دشمنوں کے ہاتھ سے وہ تنگ آتے ہیں
جب بدشعار لوگ انہیں کچھ ستاتے ہیں
جب ان کو مارنے کے لئے چال چلتے ہیں
جب ان سے جنگ کرنے کو باہر نکلتے ہیں
تب وہ خدائے پاک نشاں کو دکھاتا ہے
غیروں پہ اپنا رعب نشاں سے جماتا ہے
کہتا ہے یہ تو بندہ عالی جناب ہے
مجھ سے لڑو اگر تمہیں لڑنے کی تاب ہے
اس ذات پاک سے جو کوئی دل لگاتا ہے
آخر وہ اس کے رحم کو ایسے ہی پاتا ہے

خلافت کے ذریعہ عبادات کا قیام ہوتا ہے

خلیفہ کے بغیر صحیح معنوں میں عبادات کا قیام نہیں ہوسکتا۔ ایک طرف آدمی شرک میں مبتلا ہو اور دوسری طرف عبادات بھی بجالائے۔ ایسی عبادات اللہ تعالیٰ کے ہاں قابل قبول نہیں۔ اسی لئے تو انبیاء اور خلفاء توحید کے قیام پر زور دیتے ہیں اور اسی لئے خدا تعالیٰ سورہ نور میں فرماتا ہے کہ جب خلافت قائم ہو جائے تو خلافت کی بیعت کرنے والے یعبدوننی...... یعنی وہ (بیعت کنندہ) میری عبادت کرتے ہیں اور کسی کو میرا شریک نہیں ٹھہراتے اور یہ بھی کہ خلیفہ وقت قوم کو شرک اور بدعت پر قائم نہیں رہنے دیتا۔ جہاں اور جب بھی وہ محسوس کرتے ہوئے اس کی نشاندہی کرتا ہے اور اس کو دور کرتا ہے تاکہ خالص طور پر عبادت ہو اور لوگ توحید پر قائم ہوں۔ اسی لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے بدعات کے خلاف جہاد کا اعلان فرمایا تاکہ جماعت خالص توحید پر قائم ہوتے ہوئے خالص اسی کی عبادت کرے جیسا کہ آپ فرماتے ہیں۔

''میں ہر احمدی کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے منشاء کے مطابق اور جماعت احمدیہ میں پاکیزگی کو قائم کرنے کے لئے جس پاکیزگی کے قیام کے لئے ...... حضرت مسیح موعود دنیا کی طرف مبعوث ہوئے تھے ہر بدعت اور بدرسوم کے خلاف جہاد کا اعلان کر دیا ہے اور میں امید رکھتا ہوں کہ آپ سب میرے ساتھ اس جہاد میں شریک ہوں گے''۔

اور اسی طرح فرمایا:۔

''اس وقت اصولی طور پر ہر گھر کے دروازہ پر کھڑا ہو کر اور ہر گھرانہ کو مخاطب کر کے بدرسوم کے خلاف جہاد کا اعلان کرتا ہوں''۔

پھر فرماتے ہیں:۔

''آج دنیا کی رنگینیاں جاذب نظر ہیں اور آپ کو کشمکش میں ڈال رہی ہیں۔ ایمان کے لئے یہ امتحان کا وقت ہے۔ دنیا کی تقلید کوئی عقلمندی نہیں ہے۔ وہ آپ ہی کے بزرگ تھے۔ جنہوں نے حضرت مسیح موعود کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے دنیا اور دنیا کی آسائشوں پر ٹھوکر مار کر اپنا آپ اپنے مسیح کو سونپ دیا۔ وہ بھی رسوم اور برادریوں میں دنیا کے جال میں اور رشتہ داریوں کے بندھن میں اسی طرح بندھے ہوئے تھے۔ لیکن انہوں نے ہر چیز کو اللہ کے لئے چھوڑ دیا''۔

ہمارے موجودہ امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز آجکل خاص طور پر عبادات پر زور دے رہے ہیں جیسا کہ آپ فرماتے ہیں:۔

''پس اے احمدیو! اٹھو اور (بیوت) کی طرف دوڑو اور ان کو آباد کرو تا کہ الٰہی وعدوں کے مطابق ہم جلد از جلد ...... اور احمدیت کی فتح کے دن دیکھ سکیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے اور یہ دن دیکھنے نصیب کرے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

جماعت کے لوگوں کو چاہئے سب مل کر اسی (بیت) میں نماز باجماعت ادا کیا کریں، جماعت اور اتفاق میں بڑی برکت ہے۔ پراگندگی سے پھوٹ پیدا ہوتی ہے اور یہ وقت ہے کہ اس وقت اتحاد اور اتفاق کو بہت ترقی دینی چاہئے اور ادنیٰ ادنیٰ باتوں کو نظر انداز کر دینا چاہئے جو کہ پھوٹ کا باعث ہوتی ہیں۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 93 جدید ایڈیشن)

پھر حضور انور فرماتے ہیں:۔

حضرت مسیح موعود ایک حقیقی مومن کی بعض خوبیوں کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

صفات حسنہ اور اخلاق فاضلہ کے دو ہی حصے ہیں اور وہی قرآن شریف کی پاک تعلیم کا خلاصہ اور لب لباب ہیں اول یہ حق اللہ کو ادا کرتے ہوئے عبادت کرنا۔ فسق و فجور سے بچنا اور کل محرمات سے پرہیز کرنا اور اوامر کی تعمیل پر کمربستہ رہنا دوم یہ کہ حقوق العباد ادا کرنے میں کوتاہی نہ کریں اور بنی نوع انسان سے نیکی کرے۔

بنی نوع انسان کے حقوق بجانہ لانے والے لوگ خواہ اللہ کا حق ادا کرتے ہی ہوں بڑے خطرے میں ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ تو ستار ہے۔ غفار ہے۔ رحیم ہے اور حلیم ہے اور معاف کرنے والا ہے اس کی عادت ہے کہ اکثر کو معاف کر دیتا ہے مگر بندہ کچھ ایسا واقع ہوا ہے کہ کبھی کسی کو کم ہی معاف کرتا ہے۔ پس اگر انسان اپنے حقوق معاف نہ کرے تو پھر وہ شخص جس نے انسانی حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی کی ہو یا ظلم کیا ہو خواہ اللہ تعالیٰ کے احکام کی بجا آوری میں کوشاں ہی ہو۔ نماز، روزہ وغیرہ احکام شریعہ کی پابندی کرتا ہی ہو حقوق العباد کی پرواہ نہ کرنے کی وجہ سے اس کے اور اعمال بھی حبط ہونے کا اندیشہ ہے۔

حضور انور نے فرمایا:۔

میں نے پہلے جمعہ کے خطبہ میں تفصیل بھی بیان کی تھی کہ عبادت کا حق نمازوں میں ہے اور پنجوقتہ توجہ سے نمازوں کی ادائیگی سے ہوتا ہے۔ پھر فرمایا:۔

فسق و فجور سے بچیں۔ فسق و فجور کا مطلب ہے جو سیدھے راستہ سے دور ہو جائے۔ اطاعت سے باہر نکل جائے۔ حق کو قبول کر کے اسے چھوڑ دینے والا فاسق کہلاتا ہے۔ پس نبی کی بیعت میں آ کر پھر اس سے نکلنے والا فاسق ہے یا بیعت کا دعویٰ کر کے پھر ان شرائط کی پابندی نہ کرنے والا جن پر بیعت کی تھی وہ بھی فاسق ہے اور ایسا کرنے والا اللہ تعالیٰ کا حق نہ ادا کرنے والا ہے اور اس کے علاوہ جتنے بھی محرمات اللہ تعالیٰ نے بتائے ہیں ان سے نہ بچنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے حقوق نہ ادا کرنے والا ہے۔ ارکان ایمان اور ارکان دین پر عمل نہ کرنے والا خدا تعالیٰ کا حق ادا نہ کرنے والا ہے۔

پھر فرمایا۔

دوسرا حق جو اللہ تعالیٰ نے فرض کیا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے بندوں کا حق ہے۔ ان کو ادا نہ کرنے والا مومن نہیں کہلا سکتا اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کے ان انعاموں سے فیض پا سکتا ہے جو ایک مومن کو اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے اور اس بارہ میں بہت ہی اہم بات جس کی طرف حضرت مسیح موعود (-) نے توجہ دلائی کہ اگر بندوں کا حق ادا نہیں کر رہے تو حقوق اللہ کی ادائیگی بھی فائدہ نہیں دے گی اور نمازیں اور دوسری نیکیاں بھی ضائع ہو جائیں گی۔ پس یہ دین کی ایک حسین تعلیم ہے دنیا میں امن و سکون اور محبت و پیار کی فضا پیدا کرنے کی ایک حسین تعلیم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بیشمار حق بندے کے قرآن کریم میں فرمائے ہیں۔ مثلاً نیکی کی بات کا حکم دینا۔ برائی کی باتوں سے روکنا۔ لوگوں سے نرمی اور پیار سے بات کرنا۔ رشتے داروں سے حسن سلوک کرنا۔ غریبوں کی دیکھ بھال کرنا، مسکینوں اور یتیموں اور اسیروں کا خیال رکھنا۔ اپنی امانتوں اور عہدوں کی حفاظت کرنا۔

پھر فرماتے ہیں:۔

''اپنے نفس کی قربانی کر کے دوسروں کی تکلیف کو دور کرنا۔ عاجزی اور انکساری سے دوسروں سے پیش آنا۔ بدظنیوں سے بچنا تاکہ فساد دور ہوں۔ ہمیشہ سچائی

کو اپنا شعار بنانا اور جھوٹ سے نفرت کیونکہ جھوٹ خدا تعالیٰ سے دور کرتا ہے۔ ہمیشہ شکرگزاری کے جذبات سے لبریز ہونا۔ اللہ تعالیٰ کا بھی شکرگزار ہونا۔ کوئی فائدہ کسی سے پہنچے تو اس کی شکرگزاری کرنا یہ ایک ......اور مومن کی نشانی ہے۔ اگر اصلاح معاف کرنے سے ہوسکتی ہے تو معاف کرنا اور غصہ کو دبانا۔ فرمایا ہر برائی کا بدلہ لینا یہ مومن کا کام نہیں مومن کا کام اصلاح کرنا ہے۔ اگر اس سزا کے بغیر یہ اصلاح ہوسکتی ہے۔ اگر کوئی عادی مجرم نہیں ہے تو پھر اس کو معاف کرنے سے زیادہ بہتر ہے کیونکہ اس سے اس کی اصلاح ہوگی۔ غصہ پہ حوصلے کا مظاہرہ کرنا یہ بھی ایک مومن کی بڑی شان ہے۔ (روزنامہ الفضل 23 جولائی 2008ء)

خلافت کے بغیر صحیح معنوں میں انصاف قائم نہیں ہوسکتا

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں عدل و انصاف کرنے کا حکم دیا ہے۔ دنیا میں عدل و انصاف کرنا بہت ضروری ہے تاکہ معاشرہ میں امن و سکون قائم ہو اور فساد دور ہوں۔ لوگوں کے حقوق ان کو ملیں۔ اس طرح بنی نوع انسان کے حقوق کی حفاظت ہو۔ دنیا میں حکومتیں بھی عدل و انصاف کا نظام قائم کرتی ہیں لیکن یہ نظام صحیح معنوں میں ایسے شخص کے ذریعہ سے ہی قائم ہوسکتا ہے۔ جس کا تعلق خدا تعالیٰ سے ہو اور وہ اسی کے حکم کے مطابق قوم کا اپنے دل میں درد رکھتا ہو اور جس کے دل میں خدا تعالیٰ کا خوف ہو اور جو یہ سمجھتا ہو کہ اگر میں نے انصاف قائم نہ کیا تو ایک دن مجھے خدا کے حضور جواب دہ ہونا ہے۔ خلیفہ وقت سے بڑھ کر کوئی اور شخص نہیں ہوسکتا اور پھر خلیفہ وقت نظام عدل کا سربراہ بھی ہوتا ہے جس کے پاس اپیل بھی ہوسکتی ہے اور جس کو اپنے حقوق کے لئے درخواست کی جاسکتی ہے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ اس کے فیصلہ میں برکت ڈالتا ہے خواہ فیصلہ حق میں یا خلاف ہو۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

’’عدل و انصاف کا دامن کبھی نہیں چھوڑنا یہاں تک فرمایا کہ اگر اپنوں کے خلاف بھی تمہیں انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے گواہی دینی پڑے تو گواہی دو کجا یہ کہ انصاف کی دھجیاں بکھیرتے ہوئے دوسروں کو نقصان پہنچایا جائے بلکہ فرمایا کہ اس سے بڑھ کر دوسرے سے سلوک کرنا جو احسان کی صورت میں ہو۔ عدل نہیں کرنا انصاف نہیں کرنا بلکہ احسان کرنا ہے۔ عدل سے بڑھ کر اگلا قدم ہو بلکہ اس سے بھی بڑھ کر محبت کا سلوک کرنا جس طرح اپنے انتہائی قریبی سے کیا جاتا ہے۔ حضور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود (-) نے فرمایا ہے کہ احسان آدمی دوسرے سے جتا دیتا ہے کہ میں نے تم پر فلاں وقت یہ احسان کیا تھا لیکن کبھی کوئی ماں اپنے بچوں سے یہ نہیں جتاتی کہ میں نے تمہاری پرورش کی اس لئے تم ساری عمر میرا احسان چکاتے رہو تو جس طرح قریبیوں سے سلوک کیا جاتا ہے اس سے بڑھ کر کرو۔ عدل کرو، احسان کرو پھر انتہائی قریبیوں کی طرح محبت کرو ایک دوسرے سے کیونکہ عین ممکن ہے کہ یہ سلوک پیار و محبت پھیلانے کا ذریعہ بن جائے بلکہ بنتا ہے۔

(روزنامہ الفضل 23 جولائی 2008ء)

خلافت قبولیت دعا کا ذریعہ ہے

اللہ تعالیٰ خلیفہ کو قبولیت دعا کا نشان دیتا ہے اور اس کی سب سے زیادہ دعائیں قبول کرتا ہے۔ سب سے زیادہ دعائیں وہ دین کی سربلندی، اشاعت، توحید کے قیام اور بنی نوع انسان کی ہمدردی، بہتری اور فائدہ کے لئے کرتا ہے۔ لوگ اس سے راہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ اپنی حاجات اس سے بیان کرکے دعا کی درخواست کرتے ہیں۔ خدا تعالیٰ اس کی دعاؤں کو شرف قبولیت بخشتے ہوئے لوگوں کی حاجات کو پورا کرتا ہے۔ جس کی بہت سی مثالیں دی جاسکتی ہیں۔ تاریخ اس امر کی گواہ ہے۔ صرف طوالت کی وجہ سے نہیں دی جارہی۔ جماعت اس کی گواہ ہے۔ اس کے علاوہ جب بھی جماعت پر مشکل وقت آیا اللہ تعالیٰ نے خلیفہ وقت کی دعاؤں کو شرف قبولیت بخشتے ہوئے ان مشکلات کو دور فرمایا اور جماعت کو امن و سکون عطا فرمایا۔ اس طرح بھی اللہ تعالیٰ خوف کو امن سے بدلتا رہا اور بدلتا رہے گا۔ اس ضمن میں 1934ء، 1953ء، 1974ء، 1984ء و دیگر حالات جماعت کے سامنے ہیں۔ ان شورشوں اور مخالفتوں کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے نہ صرف جماعت کی مدد فرمائی بلکہ بہترین خوبصورت نتائج/ پھل عطا فرمائے۔ جن کے بارے میں ہم سوچ بھی نہیں سکتے تھے۔

خلیفہ ہی آخری فیصلہ کرتا ہے

چونکہ خلیفہ دینی سربراہ ہوتا ہے۔ اس لئے دینی معاملہ میں اختلاف رائے کی صورت میں آخری فیصلے کا اختیار خلیفہ کو ہی ہوتا ہے۔ جس کی اطاعت کرنا سب پر فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے ہی فیصلہ میں برکت رکھ دیتا ہے اور بہتر نتائج نکالتا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے دور میں چند آدمیوں کی طرف سے ایک سخت فتنہ اٹھا کہ انجمن حاکم ہے نہ کہ خلیفۃ المسیح اور حضرت مسیح موعود کی جانشین بھی انجمن ہی ہے نہ کہ خلیفۃ المسیح۔ اب اگر عقلی طور پر ہی دیکھا جائے تو ایک شخص ہی جانشین ہو سکتا ہے۔ اسی لئے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا فیصلہ آخری فیصلہ تھا اور وہی اس وقت حکماً و عدلاً کے مقام پر کھڑے تھے اور خدا تعالیٰ کی فعلی شہادت نے اس کو صحیح قرار دیا اور اس میں برکت رکھ دی کہ حضرت مسیح موعود کا جانشین خلیفۃ المسیح ہے نہ کہ انجمن اور سب ادارے خلیفۃ المسیح کے ماتحت ہیں اور سب ان کے حکم کی تعمیل کے پابند ہیں اور پابندی بھی دل و جان سے کرتے ہیں۔ غرضیکہ اختلاف رائے کی صورت میں آخری فیصلہ خلیفۃ المسیح کا ہی ہے۔

مالی قربانی کا خلافت سے گہرا تعلق ہے

مالی قربانی کا خلافت سے دین کے راستہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے مالی قربانی کرنے کا بار بار حکم دیا گیا ہے اس لئے کہ دین حق کی اشاعت ہو۔ جماعت کی تربیت ہو۔ قرآن کریم کی اشاعت ہو۔ غرباء کی دستگیری اور مدد ہو۔ غرباء کی مدد اور دستگیری کے لئے زکوٰۃ و صدقہ و خیرات کا حکم ہے جو غریبوں پر خرچ کی جاتی ہے۔ یہ تمام رقم صدقہ و خیرات و زکوٰۃ وغیرہ غرباء کا حق ہوتا ہے۔ خلیفہ وقت کو اس بات کا علم ہوتا ہے کہ کس کس جگہ غرباء ہیں اور کس طرح ان کی مدد کرنی ہے اور مدد ہوتی ہے اور پھر یتامیٰ کی بھی مدد ہوتی ہے۔ جو کہ خلافت کا فیض ہے۔ غرضیکہ صحیح معنوں میں اس رقم کا خرچ خلافت کے ساتھ گہری وابستگی رکھتا ہے۔ قرآن کریم اور دین حق کی اشاعت کا تعلق بھی خلافت کے ساتھ گہرا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے اپنے دور خلافت میں حالات کے مطابق اللہ تعالیٰ سے اذن پاکر تحریک جدید کا اجراء فرمایا۔ جس کے ذمہ باہر کے ملکوں میں اشاعت دین حق کا فریضہ ہے اس کے علاوہ باہر کے ملکوں میں جماعتوں کی تعلیم و تربیت کے لئے مربیان کا نظام قائم فرما کر مربیان کرام کو باہر کے ملکوں میں بھجوایا اور وہاں مشن قائم کرتے ہوئے دین حق کی اشاعت اور احباب جماعت کی تعلیم و تربیت کا انتظام کیا گیا۔ اس مقصد کے حصول کے لئے مالی تحریک کی گئی۔

پھر ایک وقت آیا کہ خدا تعالیٰ کے ارشاد کی روشنی میں وقف جدید کا قیام عمل میں آیا جہاں معلمین تیار کرکے جماعتوں میں تعلیم و تربیت کے لئے بھجوائے جاتے ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے جہاں مالی قربانی کی تحریک کی وہاں واقفین کی بھی تحریک کی جو اپنی زندگی وقف کرکے باہر کی جماعتوں میں تعلیم و تربیت کا کام کریں۔ پھر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے اپنے دور میں وقف عارضی کی تحریک کی۔ جس میں احباب جماعت دو ہفتہ سے لے کر چھ ہفتہ کا وقف کریں اور اپنے خرچ پر جماعتوں میں جائیں اور ان کی تعلیم و تربیت میں حصہ لیں۔ پھر آپ نے نصرت جہاں سکیم کا اجرا فرمایا۔ جس میں احمدی ڈاکٹر اور اساتذہ کو وقف کی تحریک کی تاکہ ان کو باہر کے ملکوں میں خدمات کے لئے بھجوایا جائے اور بھجوایا گیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے دور میں وقف نو کی تحریک جاری ہوئی۔ جس پر لبیک کہتے ہوئے ہزاروں بچوں اور بچیوں کے والدین نے ان کی زندگی وقف کی۔

غرضیکہ یہ سب کچھ خلافت کی برکت سے جاری و ساری ہے جس میں احباب جماعت حصہ لے کر خدا تعالیٰ کی برکتوں اور رحمتوں سے جھولیاں بھرتے ہیں اور آئندہ بھی خدا تعالیٰ کی تائید کے ساتھ مالی قربانی اور وقف کی تحریکات ہوتی رہیں گی اور احباب ان میں شمولیت فرما کر خدا تعالیٰ کا پیار حاصل کرتے رہیں گے۔ یہ بھی تو خلافت کا فیض ہے اگر خلافت ہی نہ ہو تو اس طرح قربانیوں کا کس طرح موقع مل سکتا ہے اور لوگ کس طرح اللہ تعالیٰ کی رضا کے وارث بن سکتے ہیں۔

خلیفہ علم و حکمت سکھانے کا ذریعہ ہے

خلیفہ وقت اللہ تعالیٰ سے علم پاکر اور اس کی عطا کردہ بصیرت سے قوم کو وقتاً فوقتاً علم و حکمت اور معرفت کی باتیں سکھاتا ہے اور بڑے بڑے عقدے اس کے ذریعہ سے ہی کھلتے ہیں۔ جس سے قوم راہنمائی حاصل کرتی ہے۔ خلفاء کی تقاریر، خطبات سے بہت سی علم و حکمت و معرفت کی باتیں ملیں گی۔ یہ بھی خلافت کا فیض ہے اور احسان ہے جو قوم کو وقتاً فوقتاً پہنچتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ خلافت کو ہی کامیاب کیا اور اس کی مدد کی اور کرتا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو خلافت کے فیوض و برکات سے فیض اٹھانے اور حصہ لینے کی توفیق دیتا چلا جائے۔ آمین

کرتہ پر سرخ چھینٹے پڑنے کا معجزہ

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

ایک دفعہ آپ (حضرت مسیح موعود) نے رؤیا میں دیکھا کہ میں خدا کے سامنے کچھ کاغذات لے کر گیا ہوں اور ان کو خدا کے سامنے پیش کیا ہے۔ خدا نے ان پر دستخط کرتے وقت قلم چھڑ کا ہے اور اس کے قطرے میرے کپڑوں پر پڑے ہیں۔ حضرت صاحب کو جب یہ کشف ہؤا اس وقت مولوی عبداللہ صاحب سنوری آپ کے پاؤں دبا رہے تھے۔ دباتے دباتے انہوں نے دیکھا کہ حضرت صاحب کے ٹخنے پر سرخ رنگ کا چھینٹا پڑا ہے جب اس کو ہاتھ لگایا تو وہ گیلا تھا جس سے وہ حیران ہوئے کہ یہ کیا ہے؟ میں نے ان سے سوال کیا تھا کہ کیا آپ کو خیال نہ آیا کہ یہ چھینٹے غیر معمولی نہ تھے بلکہ کسی ظاہری سبب کے باعث تھے انہوں نے کہا مجھے اس وقت خیال آیا تھا اور میں نے ادھر ادھر اور چھت کی طرف دیکھا تھا کہ شاید چھپکلی کی دم کٹ گئی ہو اور اس میں سے خون گرا ہو مگر چھت بالکل صاف تھی اور ایسی کوئی علامت نہ تھی جس سے چھینٹوں کو کسی اور سبب کی طرف منسوب کیا جا سکتا۔ اس لئے جب حضرت صاحب اٹھے تو اس کے متعلق میں نے آپ سے پوچھا۔ آپ نے پہلے تو ٹالنا چاہا لیکن پھر ساری حقیقت سنائی۔ (تقدیر الٰہی۔ انوار العلوم جلد چہارم صفحہ 510)

مکرم قریشی فائق محی الدین عامر صاحب کراچی

میرپورخاص کا ممتاز و معروف خاندان

ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی و ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحبان کا ذکر خیر

یہ عاجز راقم 1974ء کی یورش کے ابتدائی ایام میں اپنی والدہ صاحبہ کے حکم پر "دارالحمد" احمدیہ ہوسٹل لاہور سے میرپورخاص آیا اور پھر یہیں کا ہو رہا۔ یہاں آمد کے بعد پہلے جمعہ کی ادائیگی بیت الذکر ڈھولن آباد میں ہوئی۔ ایک مختصر سا بڑا پر لطف حکیمانہ اور جلالی خطاب سنا۔ معاملہ فہمی، فہم و فراست اور اعلیٰ بصیرت نے بہت متاثر کیا۔ استفسار پر مولانا شوکت حسین صاحب شاد جو عاجز کے ماموں تھے نے مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب سے اس عاجز کا اپنی قرابت داری کے حوالے سے تعارف کروایا مولانا صاحب حضرت منشی محمد حسین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کاتب الحکم و البدر قادیان کے فرزند تھے جو قیام پاکستان سے قبل احمدیہ کاٹن فیکٹری میں اکاؤنٹنٹ کے عہدہ پر فائز تھے اور قیام پاکستان کے بعد کسی وقت میرپورخاص میں آباد ہوئے۔ یوں سندھ کے اس بے مثل خاندان سے اس عاجز کا محبت و شفقت کے تعلق کا آغاز ہوا اور ایک لمبا عرصہ ڈویژنل امیر محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب کی رفاقت میں رہنے کا اعزاز حاصل ہوا۔ اعلیٰ اقتدار کی حفاظت خلافت احمدیہ سے والہانہ وابستگی بلکہ وارفتگی اس خاندان کا خاصہ ہے۔ آپ کی مربیانہ شفقت اور طرز تکلم مجھے بہت ہی پسند تھا۔ آپ کا قرب مجھے بے حد اچھا لگتا۔ جماعتی اور نجی دوروں میں آپ اس عاجز کو ہمراہ لے جاتے اس طرح انہیں بہت قریب سے دیکھنے اور سننے کا اتفاق رہتا۔ کبھی وقت بے وقت اس عاجز کے پاس آ جاتے اور ہم گھنٹوں اکٹھے رہتے کبھی اس عاجز کی رہائش گاہ پر یا کبھی اپنے ہمراہ لے جاتے اور رات گئے واپس گھر تک چھوڑنے آتے۔ بڑی پرکیف اور بے تکلف باتیں ہوتیں۔ بے تکلفی میں بھی امیر صاحب کا احترام واکرام قائم رہتا۔ اس کا ملکہ آپ ہی کو تھا۔ ہم تو طفل مکتب تھے۔ بسا اوقات رات دیر گئے تک ہسپتال میں باتیں ہوتی رہتیں اور پھر رات وہاں بسر کرتے۔ مگر صبح فجر کی نماز بوقت ادا کرواتے۔

ایسے ہی ایک موقعہ پر انہیں اپنا عہد طفلی یاد آیا تو فرمانے لگے "ہمارے بزرگان عرصہ سے دکن میں آباد تھے۔ میرے ہوش سنبھالنے سے قبل ہی والد صاحب کا انتقال ہو چکا تھا۔ میری پرورش چچا جان نے کی۔ ابتدائی تعلیم کے اختتام پر چچا کہنے لگے کہ میاں سہرا باندھنے کی تیاری کرو۔ تو میں نے کہہ دیا کہ چچا جان ابھی اس میں دیر ہے۔ مجھے تو ڈاکٹر بننا ہے۔ چچا خاموش رہے۔ ایک روز میں نے بتایا کہ چچا جان میں نے میڈیکل کالج میں داخلہ لے لیا ہے چچا حیران ہوئے۔ سقوط دکن سے قبل میں ایم۔ بی۔ بی۔ ایس کر چکا تھا۔

اس دوران میں ربوہ چلا آیا اور سیدنا حضرت مصلح موعود کی خدمت اقدس میں پیش ہوا آپ نے بے حد شفقت فرمائی اور یوں مجھے حضرت ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب کے ہمراہ فضل عمر ہسپتال میں چند ماہ کام کرنے کا موقع ملا۔ چند ماہ بعد میں پھر حضور کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ حضور ملازمت کرنا میرے مزاج کے خلاف ہے۔ آپ نے مجھے تھرپارکر سندھ جانے کا مشورہ دیا اور فرمایا کہ سندھ میں ڈاکٹروں کی بہت کمی ہے۔ غرباء کو علاج معالجہ میں بہت دشواری رہتی ہے۔ آپ وہاں خدمت خلق پر توجہ دیں۔ سو میں میرپورخاص چلا آیا اور جلد اپنی پریکٹس شروع کر دی۔ پھر فرمایا کہ میاں اس زمانہ کے عبدالرحمٰن میں اور آج کے عبدالرحمٰن میں بہت فرق ہے۔

حضرت ڈاکٹر صاحب سے اخلاق حسنہ خوب خوب ظاہر ہوتے رہے۔ انہی اخلاق حسنہ اور علم و معرفت کے سبب مرکز اور سندھ بھر میں یہ خاندان بہت نیک نامی کا حامل ہے۔ علم طب میں ایسے حاذق طبیب جو نادار اور ضرورت مند مریضوں کی خدمت پر ہر دم مستعد رہتے یہ دور ان کا کم و بیش 58 برس پر محیط ہے۔ اس علاقہ میں ایسی شہرت اور نیک نامی شائد ہی کسی کو نصیب ہوئی ہو۔ بلا امتیاز رنگ و نسل ہر قسم کے تعصب سے ہر دور میں پاک رہنے والا یہ خاندان جس نے اپنے پرائے کی کبھی تفریق نہیں کی۔ دن رات امیر و غریب کی خدمت میں یکساں مصروف عمل۔ دور دراز سے آئے ہوئے غریب لاچار اور بیکس مریضوں کی تشخیص علاج معالجہ اپنی گرہ سے ادویات فراہم کرنا، ان کی رہائش اور قیام و طعام بلکہ سفر خرچ بشاشت اور بہ رضا و رغبت انسانی ہمدردی اور خدا کی رضا کے لئے برسوں پیش کرتے رہے۔

گفت و شنید کی ایسی ہی ایک محفل میں ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب نے فرمایا۔ "ہم برسوں بے اولاد رہے۔ جماعت کے بعض احباب بڑے اخلاص سے مجھے دوسری شادی کے لئے رغبت دلاتے۔ میں نے کبھی کسی کی نہ سنی۔ میں اپنی بیگم صاحبہ اور ان کے خاندان کے اوصاف سے بخوبی واقف تھا۔ بالآخر اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے ہمیں اولاد عطا فرمائی۔ میری اہلیہ محترمہ سلیمہ بیگم صاحبہ حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود معالج خاص حضرت مصلح موعود کی صاحبزادی ہیں۔ قیام پاکستان کے ابتدائی ایام میں ان کی لیاقت اور انتظامی امور کی مہارت کا یہ عالم تھا کہ آپ گورنمنٹ کالج فاروومن لاہور کی پرنسپل رہیں لیکن شادی کے بعد ہمیشہ کے لئے ملازمت ترک کر دی۔ میرپورخاص کی لجنات انہیں خاص اپنائیت سے "آپا جان" کہتی ہیں ساری جماعت میں آپا جان کو بے پناہ جاہ و حشمت نصیب ہے۔

ہر انسان خوب جانتا ہے کہ اسے مرنا لازم ہے اور اسی سبب لوگ اولاد کی تمنا کرتے ہیں کہ ہمارے بعد ہمارے اخلاق ہماری اولاد ہی کے ذریعہ دنیا میں ظاہر اور قائم ہو سکتے ہیں۔ ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کا یہ طالب علمی کا زمانہ تھا سکول آتے جاتے۔ جماعتی پروگراموں میں شمولیت کھیل کود، بچپن میں کرکٹ کے کھیل سے انہیں خوب رغبت تھی۔ ان کے بچپن کے عینی شاہدوں میں یہ عاجز بھی شامل ہے میں بڑے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ان کی عادات و اطوار ہرگز رواجی بچوں جیسے نہ تھے بلکہ ایک خاص خاندانی وقار اور اعلیٰ اخلاق ان سے بچپن ہی میں ظاہر ہوا کرتے تھے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ عزیزم عبدالمنان کو اپنے ہم عمر بچوں کے ساتھ لڑتے جھگڑتے یا ہلکی گفتگو کرتے کبھی نہیں سنا نہ دیکھا اور نہ کبھی ان کی شکایت کسی سے سنی۔ ایسی عمدہ اعلیٰ اور پاکیزہ سوچ۔ لازماً انہیں اپنے بزرگ والدین کی دعاؤں، تربیت، توجہ اور نگرانی سے نصیب تھی۔ اپنے اپنے وقت پر حضرت ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب اور پھر آپ کے صاحبزادے ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب ماہر ڈاکٹر۔ عمدہ امیر اور بہت نافع الناس وجود رہے۔

ایک خاص بات جو تربیت اولاد کے سلسلہ میں یاد رکھنے کے لائق ہے۔ وہ یہ کہ بلاشبہ سکول کالج میں ان کے ہم جماعت غیر از جماعت ہی تھے جن سے ان کے ضرور مراسم رہے ہوں گے۔ مگر دوست ان کے سب احمدی ہی ہوتے تھے اور انہی کے ساتھ وہ اپنے بنگلہ کے سامنے والے میدان میں آزادی سے کھیلتے دیکھے جاتے تھے۔

1979ء میں عزیزم عبدالمنان صاحب نے گورنمنٹ شاہ عبداللطیف کالج میرپورخاص میں داخلہ لیا اور پھر 1982ء میں جناح میڈیکل کالج کراچی میں داخلہ لیا اور 1988ء میں ڈاکٹری کا امتحان اعلیٰ نمبروں سے پاس کیا اور پھر اسی سال اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے امریکہ روانہ ہوئے۔ برادرم مکرم فضل عمر محمود صاحب حال مقیم گلشن جامی کراچی بیان کرتے ہیں: "1988ء میں ڈاکٹر عبدالمنان صاحب جن دنوں اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے امریکہ روانہ ہو رہے تھے میں نے سنا کہ بڑے امیر صاحب ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب اپنے بیٹے کو نصیحت فرما رہے تھے کہ بیٹا ہم نے سندھ کا نمک کھایا ہے ہمیں نمک حلالی کرنا لازم ہے۔ ایسا نہ ہو کہ امریکہ میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد تم امریکہ ہی کے ہو جاؤ۔ میں چاہتا ہوں کہ تم میری طرح سندھ کے غرباء ہی کی خدمت کرو"۔

بلاشبہ اس سعادت مند بیٹے نے اپنے والد بزرگوار کی آرزوؤں اور تمناؤں کی بھرپور تکمیل کی۔

اوائل 1979ء میں اس عاجز کو ملازمت کے سلسلہ میں بیرون ملک جانا ہوا۔ جہاں مختلف عہدوں پر ملازمت کے مواقع نصیب رہے۔ جہاں مختلف ممالک، مختلف اقوام اور تہذیبوں کے بغور مشاہدات کے خوب مواقع میسر رہے بہت کچھ دیکھنے اور پرکھنے کا موقع ملا۔ مشاہدات اور تجربات میں اضافہ کے اسباب مہیا ہوتے رہے۔ کبھی رخصت پر پاکستان آتا تو میرپورخاص ضرور جانا ہوتا اور حضرت ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب سے ملاقات کے بغیر کبھی نہ لوٹتا۔ 1995ء میں اس عاجز نے بطور خاص عیدالفطر میرپورخاص میں منائی اور حضرت ڈاکٹر صاحب نے کرسی پر نماز عید ادا کی۔ جبکہ اس عاجز نے آپ کے برابر نماز عید ادا کرنا باعث فخر و مسرت جانا۔

اب جو ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب سے ملاقات ہوئی تو آپ ماشاء اللہ ایک خوبرو جوان ہی نہیں بلکہ امریکہ سے تعلیم یافتہ ایک قابل اور ماہر طبیب تھے اور اس سے بڑھ کر اس احساس سے مسرت ہوئی کہ آپ ماشاءاللہ امیر جماعت بھی تھے۔ میں نے ایسا نوجوان کم عمر امیر جماعت نہیں دیکھا۔

اس عاجز کو اپنی نجی محفلوں میں اور مختلف شہروں میں مختلف احباب میں جہاں اپنے تجربات اور مشاہدات کے تذکرہ کا موقع ملتا جن مثالی بچوں کے واقعات کامیابیوں اور کامرانیوں کا تذکرہ کرتا وہاں بطور خاص یہ ذکر لازمی کرتا کہ ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب اپنے والد بزرگوار کا مکمل اور بہترین عکس ہیں۔ دینی، دنیاوی اور روحانی اعتبار سے انہیں وہ سب کچھ کم عمری ہی میں عطا ہوا۔ ایں سعادت بزور بازو نیست۔

1995ء کے بعد جب کبھی میرپورخاص جانا ہوتا ڈاکٹر عبدالمنان صاحب سے ملاقات کے لئے ضرور ہسپتال جاتا۔ عموماً ایک چٹ پر نام تحریر کر کے دے دیتا۔ وہ اندر بھجوا دی جاتی اور ڈاکٹر صاحب خود باہر تشریف لاتے اور اپنے ساتھ لے جاتے اور عملہ کو ہدایت کرتے کہ ملاقات کے دوران مریض نہ بھجوائیں۔ مختلف امور پر باتیں ہوا کرتیں اور واپسی پر ہسپتال کے بیرونی گیٹ تک الوداع کہنے ضرور تشریف لاتے اور میرے منع کرنے کو ہمیشہ نظر انداز کر دیا کرتے تھے۔

یہاں ایک ملاقات کا بطور خاص ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ 1998ء محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب کی وفات کے موقع پر رات گئے جماعت احمدیہ کے احباب اور محترم امیر صاحب کراچی۔ کراچی ائیرپورٹ پر موجود تھے۔ خاکسار بھی حاضر تھا۔ ڈاکٹر صاحب سے تعزیت کی اور انہیں فیصل آباد روانہ کر کے ہم سب لوٹ آئے۔

چند روز بعد یہ عاجز تعزیت کے لئے ان کے

کلینک میرپور خاص پہنچا۔ پرچی بھجوائی آپ حسب عادت باہر تشریف لائے اور اپنے ہمراہ اندر لے گئے۔ بڑی دیر تک ہماری گفتگو جاری رہی۔ مجھے شرمندگی محسوس ہونے لگی کہ ان کا وقت بہت قیمتی ہے مریضوں کی حق تلفی ہو رہی ہو گی۔ اچانک ڈاکٹر صاحب کرسی سے اٹھ کھڑے ہوئے یہ عاجز بھی اٹھ کھڑا ہوا کہ ملاقات اختتام کو پہنچی۔ کہ اچانک ہم ایک دوسرے کے گلے لگے ڈاکٹر صاحب بچوں کی طرح بلک بلک کر خوب روئے۔ مجھے بھی رونا آیا۔ تاہم خاکسار مسلسل دلاسہ دیتا رہا پیار اور شفقت سے ان کی کمر سہلاتا رہا۔ ہمیں نہیں معلوم کہ ہم کب تک اس کیفیت میں رہے۔ یہ ان کی اپنے والد بزرگوار سے جدائی کا غم تھا جس میں امیر صاحب نے اس عاجز کو شریک کر لیا۔

برادرم فضل عمر محمود صاحب بیان کرتے ہیں جس عرصہ میں ڈاکٹر عبدالمنان صاحب امریکہ میں بطور طالب علم مقیم تھے آپ کا بجٹ میرپور خاص ہی کی جماعت میں تھا کہ 1994ء میں امیر کے انتخاب کا عمل جاری تھا کہ اچانک آپ کا نام پیش ہوا اور آپ انتخاب کمیٹی کے ممبر ہو گئے۔ مختلف شعبہ جات میں نمایاں خدمات انجام دینے کے بعد آپ 1995ء میں امیر شہر اور پھر امیر ضلع منتخب ہوئے۔

داعیان الی اللہ پر آپ خصوصی توجہ دیا کرتے تھے۔ میرپور خاص کے نواحی علاقوں میں باقاعدگی سے وفود بھجواتے۔ خود بھی تشریف لے جاتے۔ معلم یا مربی سلسلہ کے احترام کا یہ عالم تھا کہ ہمیشہ انہیں اپنے ہمراہ اگلی نشست پر جگہ دیتے۔ بہت جلد نواحی علاقوں سے قریباً 80 احباب و مستورات نے سیٹلائٹ ٹاؤن سنٹر پر نماز جمعہ میں شمولیت شروع کر دی۔ نماز سنٹروں پر بغیر پیشگی اطلاع پہنچ جاتے۔ جہاں سستی دیکھتے وہاں انہیں بیدار کرتے اور اس روز اپنے احباب کے ہمراہ ناشتہ اسی سنٹر پر ہوتا۔ میٹنگز۔ مشاورت اور کام پوری توجہ اور انہماک سے کرتے۔

ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب اپنے جد امجد کے اوصاف حمیدہ میں جن دو صفات کا اضافہ فرما گئے ان میں سے ایک طبابت کا کمال اور دوسری شہادت کا اعزاز ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ امیر صاحب کو اپنے پیاروں کے زمرہ میں جگہ عطا فرماوے آمین۔ آپ بہت تیزی سے آگے بڑھے اور بڑھتے چلے گئے یہاں تک کہ بہت جلد بہت آگے نکل گئے۔ کل کا ''منو'' ہم سے بازی لے گیا۔

یہ عاجز حضرت آپا جان موصوفہ، ڈاکٹر صاحب کی اہلیہ محترمہ اور ان کے بیٹے اور بیٹی کے لئے دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کا حافظ و ناصر ہو اور تھر پارکر کے اس عہد ساز خاندان کا وقار ہمیشہ بلند رکھے۔ آمین اور یہ خاندان ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا وارث بنا رہے۔ آمین ثم آمین

مکرم عبدالباسط صاحب

رفیق حضرت مسیح موعود

حضرت مولوی ابوالحسن صاحب بزدار کا ذکر خیر

ضلع ڈیرہ غازی خان میں حضرت مسیح موعود کے ہاتھ میں ہاتھ دینے والے اولین بزرگ حضرت مولوی ابوالحسن بزدار اور حضرت مولوی محمد شاہ تونسوی ہیں۔

ہر دو رفقاء 1901ء سے قبل احمدیت قبول کر چکے تھے اور بعد ازاں انہی کی کاوشوں سے رندان، سہرانی، مندرانی اور بزدار جیسی بستیوں میں احمدیہ جماعتیں قائم ہوئیں اور دیگر کئی بزرگوں کو براہ راست قادیان جا کر حضرت مسیح موعود کی دستی بیعت کا شرف حاصل ہوا۔ کوٹ قیصرانی کے سردار صاحبان، امام بخش خان، شیر بہادر خان اور شمشیر خان کو احمدیت کا پیغام بستی بزدار میں قائم شدہ جماعت کے ایک فرد پھل خان بزدار کے ذریعے پہنچا۔ سردار شیر بہادر خان کے فرزند سردار محمد اعظم خان کی روایت کی رو سے یہ 1904-05ء کا سال تھا۔ اسی طرح ڈیرہ غازی خان شہر کے رفقاء حضرت حکیم عبدالخالق صاحب اور حضرت مولوی محمد عثمان صاحب 1907ء میں حضور کی دستی بیعت سے مشرف ہوئے۔

حضرت ابوالحسن صاحب بزدار کا اسم گرامی عبدالرؤف اور کنیت ابوالحسن تھی اور اسی کنیت سے ہی آپ معروف ہوئے۔ والد گرامی کا نام مولوی عبدالقادر تھا۔ جو ''گاڑ والا قاضی'' کہلاتے تھے۔ مولوی عبدالقادر بزدار قبائل کی جلالانی شاخ سے تعلق رکھتے تھے۔ یہ گھرانہ شروع سے تعلیم و تعلم سے وابستہ تھا۔ اسی لئے جلالانی ملاں کہلاتا تھا۔ یہ روایت آج بھی زبان زد عام ہے کہ جلالانی کی اس شاخ کو اپنے جد امجد جلال خان سے ورثے میں قرآن مجید عطا ہوا تھا۔ عبدالقادر تکمیل تعلیم کے لئے اچ شریف تک پہنچے تھے جبکہ ان کے بیٹے ابوالحسن کو حضرت مسیح موعود کی درس گاہ سے اکتساب فیض کی توفیق ملی اور ان کی علمی عظمت کا شہرہ دامان و کوہ سلیمان میں یوں پھیلا کہ آج تک مخالفین بھی ان کے تبحر علمی کے قائل ہیں۔

قبر پر نصب کتبے پر آپ کا سال پیدائش 1857ء درج ہے۔ آپ کے سات بھائی تھے جن میں سے آپ دوسرے یا تیسرے نمبر پر تھے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد سے ہی حاصل کی بعد ازاں حصول علم کے لئے تونسہ شریف تشریف لے گئے۔ 1880ء میں آپ چوڑھوان (ڈیرہ اسمٰعیل خان) میں زیر تعلیم تھے۔ بعد ازاں حصول علم کے لئے ہندوستان کا رخ کیا۔ پہاڑوں کو خیرآباد کہہ کر آنے والا ابوالحسن فرنگی محل لکھنؤ پہنچا اور مولانا عبدالحئی فرنگی محل کے آگے زانوئے تلمذ تہہ کیا اپنے استاد سے عقیدت و وابستگی آخری دم تک برقرار رہی۔ اسی وجہ سے 1932ء میں پیدا ہونے والے اپنے ایک نواسے کا نام عبدالحئی رکھا گیا۔

فرنگی محل سے آپ دہلی تشریف لے گئے اور میاں محمد نذیر حسین صاحب دہلوی کے مدرسہ میں علوم حدیث کی تکمیل کی۔ 1884ء میں جب حضرت مسیح موعود کا حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ سے نکاح ہوا تو اس وقت مولوی صاحب دہلی میں ہی زیر تعلیم تھے۔ یہ نکاح مولوی محمد نذیر حسین صاحب نے پڑھایا تھا۔

تکمیل تعلیم کے بعد آپ بستی رندان (ڈیرہ غازی خان) تشریف لائے اور امام الصلوٰۃ مقرر ہوئے یہ سلسلہ قبول احمدیت سے کئی سال پہلے شروع ہوا۔ اس دوران آپ کو ازالہ اوہام، آئینہ کمالات اسلام جیسی کتب پڑھنے کا موقع ملا۔ آپ کے تمام شبہات کا ازالہ ہوا اور جملہ استفسارات کے جوابات بھی ان کتب کے پڑھنے سے مل گئے۔ فی الفور حضرت مسیح موعود کی خدمت میں بیعت کا خط لکھا اور 1900ء کے لگ بھگ حضور کی دستی بیعت کا بھی شرف حاصل کیا۔ جب واپس بستی رندان تشریف لائے تو امامت کرانے سے جواب دے دیا۔ احباب کے اصرار پر بتایا کہ میں حضرت مرزا غلام احمد کو مسیح اور مہدی مان چکا ہوں چونکہ رندان کے احباب سعید فطرت تھے انہوں نے مولوی صاحب کی خدمت میں گزارش کی کہ ہمیں اس بارے میں بتایا جائے ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ چنانچہ چند افراد کو چھوڑ کر ساری بستی سلسلہ احمدیہ سے وابستہ ہو گئی اسی طرح بستی سہرانی کے کئی گھرانے بھی احمدیت سے وابستہ ہوئے اور وہیں قریب ہی آباد بھٹی برادری کے جد امجد نے بھی احمدیت قبول کی ان بستیوں کے کئی احباب کو حضرت مسیح موعود کی دستی بیعت کا شرف حاصل ہوا۔

آپ کے قبول احمدیت سے پورے علاقے میں ایک طوفان برپا ہو گیا۔ مولوی صاحب کو ایک جھوٹے مقدمے میں پھنسایا گیا اور ان پر یہ پابندی عائد کر دی گئی وہ تحصیل تونسہ کے میدانی علاقے میں نہ آیا کریں۔ اس بارے میں مولوی محمد شاہ صاحب حضرت مسیح موعود کی خدمت میں یوں رقمطراز ہیں ''جو اس وقت گدی نشین تونسہ ہے وہ نہایت ہماری جماعت کو شرارت سے پیش آتا ہے جیسے مولوی ابوالحسن کے مقدمہ میں جو کہ بناوٹ سے ان پر کیا گیا ہے تحصیل دار کو سفارش کر بھیجی کہ جہاں تک ہو سکے اس کو قید کر دو کیونکہ یہ مرزائی ہے۔'' مگر آپ دعوت الی اللہ سے ہرگز باز نہ آئے۔

قاضی محمد مسعود صاحب کی روایت ہے کہ اپریل مئی 1903ء میں مولوی محمد شاہ صاحب کی مساعی سے بستی مندرانی کے پندرہ مرد و خواتین نے حضرت مسیح موعود کی تحریری بیعت کی تو اس موقع پر حضرت مولوی ابوالحسن بطور خاص بستی مندرانی تشریف لائے تھے اور اس تقریب سعید کو رونق بخشی تھی۔

بستی بزدار میں آپ کی مساعی کا اولین ثمرہ حضرت میاں اللہ بخش صاحب بزدار اور حضرت مولوی جان محمد صاحب عرف میاں جندوڈہ تھے۔ ہر دو بزرگوں کو حضرت مسیح موعود کی دستی بیعت کا شرف حاصل ہوا تھا۔

بزدار قبائلی علاقے میں حضرت مولوی صاحب کی مساعی سے تین احباب کو سلسلہ احمدیہ میں شامل ہونے کی توفیق ملی۔ اول ان کا بھانجا محمد خان بزدار دوسرے ان کا بھتیجا غلام مصطفیٰ بزدار اور تیسرے سیماڑ کے ایک سید صاحب تھے۔ آپ نے محمد خان کو قادیان پڑھنے کے لئے بھیجا انہوں نے مدرسہ احمدیہ سے باقاعدہ تعلیم حاصل کی اور مولوی فاضل کرنے کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے حکم پر کوٹ قیصرانی چلے آئے تا کہ تمن قیصرانی میں دعوت الی اللہ کو منظم انداز میں آگے بڑھایا جائے۔

فن طبابت میں آپ کے ایک شاگرد عبداللہ فقیر کو بھی قبولیت احمدیت کی توفیق نصیب ہوئی تھی۔ حضرت مولوی صاحب اپنے وقت کے حکیم حاذق تھے۔ لمبے عرصہ تک قصبہ منگڑوٹھہ (تونسہ شریف) میں مطب کرتے رہے۔ آپ کے حکیم حاذق ہونے کے حوالے سے آج تک کئی واقعات زبان زد عام ہیں۔

آپ کی وفات کے بعد یہ فن بطور خاص تین آدمیوں کو منتقل ہوا یعنی آپ کے بھانجے اور داماد مولوی محمد خان کو۔ آپ کے بیٹے محمد عثمان کو اور آپ کے بھتیجے مولوی حامد بزدار۔ کو حضرت مولوی ابوالحسن صاحب نے تین شادیاں کی تھیں۔ زوجہ اول سے تین لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ زوجہ ثانی سے دو بیٹے ہوئے۔ جبکہ زوجہ ثالث سے چار بیٹے اور دو بیٹیاں ہوئیں۔

حضرت مولوی ابوالحسن صاحب نے 1938ء میں وفات پائی برادری کے کئی افراد ان سے سخت مذہبی عناد رکھتے تھے چنانچہ خاندانی قبرستان میں آپ کی تدفین پر اعتراض کیا گیا آپ کے بیٹوں نے نزاع سے بچنے کے لئے معاملہ برادری پر چھوڑ دیا۔ بالآخر مفاہمت کی راہ یہ نکالی گئی کہ آپ کو دفن تو خاندانی قبرستان میں ہی کیا گیا مگر قدرے فاصلے پر۔ اب تو یہ قبر اس قبرستان کے اندر ہی آ چکی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو غریق رحمت فرمائے۔ آمین

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 88402 میں ساجدہ خاتون

زوجہ Khandokor Nazmul Ashref قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 10 تولے مالیتی -/TK250000 (2) حق مہر -/TK101101۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK1000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ ساجدہ خاتون۔ گواہ شد نمبر 1 محمد سراج الاسلام۔ گواہ شد نمبر 2 تنویر احمد

مسل نمبر 88403 میں

Nurjahan Beauty

زوجہ A.Yousuf Mohammad قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 48 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر -/TK10000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK1000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Nurjahan Beauty۔ گواہ شد نمبر 1 تنویر احمد۔ گواہ شد نمبر 2 محمد سراج الاسلام

مسل نمبر 88404 میں محمد شمیم صوفی

ولد محمد عبدالعزیز (مرحوم) قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) سیونگ سرٹیفکیٹ مالیتی -/TK100000 (2) موٹر سائیکل مالیتی -/TK30000 اس وقت مجھے مبلغ -/TK20000 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد شمیم صوفی۔ گواہ شد نمبر 1 نورالدین احمد۔ گواہ شد نمبر 2 محمد یعقوب

مسل نمبر 88405 میں شیخ قیوم علی

ولد شیخ جناب علی قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 41 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK6300 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ شیخ قیوم علی۔ گواہ شد نمبر 1 محمد عبدالعزیز۔ گواہ شد نمبر 2 منیر عالم خان

مسل نمبر 88406 میں

Md Salim Ahmad Kajol

ولد شیخ لطف الرحمٰن قوم ...... پیشہ معلم سلسلہ عمر 26 سال بیعت 1995ء ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK3376 ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Md Salim Ahmad Kajol۔ گواہ شد نمبر 1 عبدالاول خان گواہ شد نمبر 2 شمس الدین احمد

مسل نمبر 88407 میں

Nasrin Shamima

زوجہ پروفیسر محمد فیض الدین قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 46 سال بیعت 2006ء ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 06-5-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور مالیتی -/TK80000 (2) زیور چاندی مالیتی -/TK100000 (3) حق مہر -/TK20000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK900 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Nasrin Shamima۔ گواہ شد نمبر 1 شفیق احمد۔ گواہ شد نمبر 2 محمد فیض الدین

مسل نمبر 88408 میں

Muhammad Abu Sayed

ولد Muhammad Kawser Gazi قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-7-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK2000 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Muhammad Abu Asyed۔ گواہ شد نمبر 1 نورالدین احمد۔ گواہ شد نمبر 2 شاہ محمد عبدالغنی

مسل نمبر 88409 میں محمد انور حسین

ولد محمد عبدالرب قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK2500 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد انور حسین گواہ شد نمبر 1 نورالدین احمد۔ گواہ شد نمبر 2 شاہ محمد عبدالغنی

مسل نمبر 88410 میں

Mohammad Mehedi Hasan

ولد Hadtar Ali Morol قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK3350 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد مہدی حسن۔ گواہ شد نمبر 1 نورالدین احمد۔ گواہ شد نمبر 2 شاہ محمد عبدالغنی

مسل نمبر 88411 میں

Faruk Ahmad Bulbul

ولد Abu Daud Morol قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK3688 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Faruk Ahmad Bulbul۔ گواہ شد نمبر 1 نورالدین احمد۔ گواہ شد نمبر 2 شاہ محمد عبدالغنی

مسل نمبر 88412 میں

Zamaluddin Ahmad Souray

ولد سلیم الدین احمد قوم ...... پیشہ طالب علم عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK3000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Zamaluddin Ahmad Souray۔ گواہ شد نمبر 1 طارق احمد۔ گواہ شد نمبر 2 نورالدین احمد

مسل نمبر 88413 میں

Mohammad Nayab Ali Bhuiyan

ولد Late Abid Ali Bhuiyan قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 47 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مکان مالیتی -/TK136000 (2) زرعی اراضی مالیتی -/TK710000 (3) زرعی اراضی مالیتی -/TK490000 (4) مویشی مالیتی -/TK14000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK3583 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Mohammad Nayab Ali Bhuiyan۔ گواہ شد نمبر 1 نورالدین احمد۔ گواہ شد نمبر 2 شاہ محمد عبدالغنی

مسل نمبر 88414 میں

Mdzillur Rahman

ولد Late Md Chand Miah قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 57 سال بیعت 1969ء ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی مکان مالیتی -/TK1200000 (2) رہائشی جگہ مالیتی -/TK500000 (3) فلیٹ مالیتی -/TK2200000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK24500 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد ظل الرحمٰن۔ گواہ شد نمبر 1 محمد عبدالرحیم گواہ شد نمبر 2 محمد ایوب علی

مسل نمبر 88415 میں

Shouraia Habib

